بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شعبہ تعلیم لجنہ اماءاللہ یو۔کے
تعلیمی نصاب برائے ماہ
جنوری 2025

1۔ قرآن کریم

- "سورۃ الانشقاق" آیات نمبر 21-26 بمعہ ترجمہ وتفسیر پڑھیں۔

وَاِذَا قُرِئَ عَلَیۡہِمُ الۡقُرۡاٰنُ لَا یَسۡجُدُوۡنَ
ترجمہ۔اور جب اُن پر قرآن پڑھا جاتا ہے تو سجدہ نہیں کرتے۔

- "سورۃ الانشقاق" کی اس آیت کو پڑھ کر یا سُن کر ہمیں کیا کرنا چاہئے اور اس آیت میں کن لوگوں کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟
- عَذَابٍ اَلِیۡمٍ سے کون لوگ محفوظ رہیں گے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 157-159
تفسیرِ کبیر صفحہ نمبر 507-512: https://files.alislam.cloud/urdu/pdf/Tafsir-e-Kabir-Vol-11.pdf

2۔ نماز۔ قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں

- 'قیام نماز کے روحانی سفر کی سات منزلیں' بیان فرمودہ حضرت مصلحِ موعودؓ میں سے قیام نماز کی مندرجہ ذیل تیسری منزل کا مطالعہ کریں۔
- نماز باجماعت ادا کرنا

پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ مورخہ 20 جنوری 2017 میں نماز باجماعت کی تفصیل بیان کرتے ہوئے فرمایا۔ 'بعض لوگوں کے دماغوں میں خودی ہوتی ہے یا خود غرضی ہوتی ہے، اس کو باجماعت نماز ختم کرتی ہے۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ خوب یاد رکھو کہ انسان میں یہ قوت ہے کہ وہ دوسرے کے انوار کو جذب کرتا ہے۔ کسی میں نیکی کا زیادہ اثر ہے۔ نیکیوں کے اونچے مقام پر ہے تو دوسرا بھی اس اثر کو قبول کرے گا۔ پس نیکیوں کے اثر کو قبول کرنے کے لئے باجماعت نماز بھی فائدہ دیتی ہے'۔
نماز باجماعت کے اہم حکم کو مزید سمجھنے کے لئے پیارے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا خطبہ جمعہ تفصیل سے سنیں اس خطبہ جمعہ میں کی گئی نصائح پر توجہ دیں اور مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔

- نماز باجماعت کی ادائیگی کس طرح ہماری روحانی حالت میں بہتری اور وحدت کے قیام کا باعث بنتی ہے؟
- آنحضرت ﷺ نے نماز باجماعت کی اہمیت کے بارہ میں کیا تلقین فرمائی ہے؟
- حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے نماز میں حقیقی عاجزی اور انکساری پیدا کرنے کے بارہ میں کیا نصیحت فرمائی ہے؟
- پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بچوں کو نماز کی پابندی اور اہمیت کے بارہ میں کیا فرمایا ہے؟

ذرائع: خطبہ جمعہ مورخہ 20/01/2017
https://www.alislam.org/friday-sermon/2017-01-20.html

3۔ ملفوظات۔ دُعا کرنے سے پہلے تمام قویٰ کا خرچ کرنا ضروری ہے

- حضرت مسیح موعود علیہ السلام اپنی تحریرات میں فرماتے ہیں کہ ہمیں خدا کو آزمانے سے منع کیا گیا ہے۔ آپؑ مزید فرماتے ہیں کہ دُعا کرنے سے پہلے اپنی تمام طاقتوں کو خرچ کرنا ضروری ہے۔ یہ ایک بے ادبی اور گستاخی ہے کہ قویٰ سے کام نہ لے کر اور قانونِ قدرت کے قواعد سے کام نہ لے کر آوے۔

- حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی اس خوبصورت تحریر کو پڑھتے ہوئے غور کریں کہ جب انسان اپنے تمام قویٰ خرچ کر کے دُعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اصلاح کے ذرائع کیسے پیدا فرماتا ہے؟

- آپؑ نے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ کا کیا مقصد بیان فرمایا ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 182-181

4۔ تاریخِ اسلام۔ مرد و عورت میں حقوق کی مساوات

- اسلامی تعلیمات مرد اور عورت کے مساوات کے متعلق ہمیں کیا سکھاتی ہیں؟ قرآن کریم عورتوں کے حقوق کے بارہ میں تمام باطل خیالات کی تردید کس طرح کرتا ہے؟ نیز اسلامی تعلیمات وحدت نسلی کو کس طرح فروغ دیتی ہے؟

ذرائع: تعلیم نصاب۔ صفحہ نمبر 195-192

5۔کتاب: احمدیت یعنی حقیقی اسلام
تصنیف حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد رضی اللہ تعالیٰ عنہ

- کتاب احمدیت یعنی حقیقی اسلام میں حضرت مصلح موعودؓ نے مذہب کی چار بڑی غرضیں بیان فرمائی ہیں۔اول یہ کہ وہ انسان کو اس کے مبدأ کے متعلق علم دے یعنی اس کے پیدا کرنے اور اس کے وجود میں لانے والے کے متعلق اس کو صحیح عقائد بتائے۔اس پہلی غرض کا مطالعہ کرتے ہوئے مندرجہ ذیل نکات پر غور کریں۔
- اسلام ہمیں خدا تعالیٰ کی ذات اور صفات کے متعلق کیا تعلیم دیتا ہے؟
- خدا تعالیٰ کی صفات کے متعلق اسلام کی مکمل تعلیم کس طرح انسان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف رغبت پیدا کرتی ہے؟ دیگر مذاہب کے مقابلہ میں اسلام کامل ہستی باری تعالیٰ کے متعلق کیا وضاحت بیان فرماتا ہے؟
- 'اگر ساری دنیا کے مذاہب خدا تعالیٰ کی طرف سے آئے ہیں تو پھر کیوں نہ سب کو ہی سچا سمجھ لیا جائے اور کیوں نہ یہ مانا جائے کہ جس مذہب پر چل کر کوئی خدا کو پانا چاہے پا سکتا ہے'؟اِس شُبہ کے متعلق حضرت مصلح موعودؓ نے کیا وضاحت بیان فرمائی ہے؟(صفحہ نمبر:141)

ذرائع: https://www.alislam.org/urdu/au/AU8-5.pdf



click to read

click to read